بینک دولت پاکستان

شعبۂ انفراسٹرکچر، ہاؤسنگ اور ایس ایم ای مالکاری

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر نمبر 14 برائے 2020ء **27 نومبر 2020ء**

صدور / چیف ایگزیکٹو آفیسرز،

تمام بینک / ترقیاتی مالی ادارے

محترم / محترمہ،

ٹی اے ٹی نگرانی کے لیے چھوٹے کاروباری اداروں (ایس ایز) اور درمیانے کاروباری اداروں (ایم ایز) کی قرض درخواست کی رپورٹنگ

براہِ مہربانی آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر نمبر 09 برائے 2017ء بتاریخ 22 دسمبر 2017ء ملاحظہ کیجیے جس میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ایس ایم ای مالکاری کے محتاطیہ ضوابط کے تحت قرضے کی منظوری کے پراسس کے لیے چھوٹے کاروباری اداروں (ایس ایز) اور درمیانے کاروباری اداروں (ایم ایز) کے لیے ٹرن اراؤنڈ ٹائم (ٹی اے ٹی) بالترتیب 15 ایامِ کار اور 25 ایامِ کار مقرر کیا ہے۔

1. مذکورہ بالا سرکلر میں جاری کردہ ہدایات کے تسلسل میں اور ایس ای اور ایم ای کے ٹی اے ٹی کی نگرانی کے لیے اسٹیٹ بینک نے رپورٹنگ پورٹل کا آغاز کیا ہے، یعنی 'ایس ای / ایم ای قرضے کی درخواست برائے ٹی اے ٹی نگرانی'۔ نئی فنڈ پر مبنی ایس ای / ایم ای قرضے کی درخواستیں صرف پورٹل پر ہی رپورٹ کی جائیں گی۔

2. بینکوں اور ڈی ایف آئیز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ نومبر 2020ء اور اس کے بعد کی رپورٹنگ کی مدت سے ایس ای اور ایم ای قرض درخواستوں کی کیفیت رپورٹنگ پورٹل پر منسلک فارمیٹ (ضمیمہ الف) کے مطابق ماہانہ بنیاد پر جمع کروائیں۔ ٹی اے ٹی ڈیٹا رپورٹنگ کو پُر کرنے کے رہنما خطوط بھی ضمیمہ ب میں منسلک ہیں۔ مزید برآں، مارچ 2020ء سے اکتوبر 2020ء تک کے مہینوں کے لیے ٹی اے ٹی رپورٹنگ بھی اس پورٹل پر جمع کروائی جائے گی۔

3. اس ضمن میں درج ذیل ہدایات پر بھی غور کیا جائے گا:

- ماہانہ ڈیٹا ہر رپورٹنگ مہینے کے اختتام کے بعد دس (10) ایامِ کار کے اندر جمع کروایا جائے گا۔
- مارچ 2020ء سے اکتوبر 2020ء تک کے ماہانہ ڈیٹا 31 دسمبر 2020ء تک جمع کروایا جائے گا۔
- فی الحال ایم ایس ایکسل سی ایس وی فارمیٹ میں ای میل کے ذریعے پیش کی جانے والی ماہانہ ایس ای اور ایم ای درخواستوں کے ڈیٹا کی رپورٹنگ دسمبر 2020ء کے مہینے تک جاری رہے گی۔ جنوری 2021ء سے ای میل کے ذریعے ماہانہ ڈیٹا جمع کروانا بند کر دیا جائے گا۔

- کسی سوال کی صورت میں، براہِ مہربانی ہمارے ڈیٹا ویئرہاؤس ہیلپ ڈیسک ٹیم سے 021-32454992 پر یا ای میل dwhsupport@sbp.org.pk کے ذریعے رابطہ کیجیے۔

4. براہِ مہربانی مذکورہ بالا ہدایات پر من و عن عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔ کسی انحراف یا عدم تعمیل کی صورت میں بی سی او، 1962ء کی متعلقہ دفعات کے تحت تعزیری کارروائی کی جائے گی۔

5. یہ ہدایات یکم دسمبر 2020ء سے نافذ العمل ہوں گی۔

منسلکات:

ضمیمہ الف: ٹی اے ٹی نگرانی کا پورٹل-رپورٹنگ کا فارمیٹ (سی ایس وی)

ضمیمہ ب: ڈیٹا داخل کرنے کے لیے رہنما خطوط

آپ کا مخلص

(ڈاکٹر میاں فاروق حق)

ڈائریکٹر